
# WebEx ویڈیو کانفرنس کا استعمال کرکےOATH کی فاصلاتی سماعت (Remote Hearing)میں شامل ہونے کا طریقہ

فی الحال، OATH کی کارروائی ویڈیو کانفرنس کے ذریعے انجام دی جارہی ہے۔ OATH کانفرنس یا مقدمے کی سماعت طے ہوجانے کے بعد، فریقین کو بذریعہ ای میل یا بعض معاملوں میں، تحریری نوٹس کے ذریعے فاصلاتی سماعت کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ OATH کا عملہ مقررہ تاریخ اور وقت کے لیے کانفرنس یا ٹرائل سے پہلے "WebEx میٹنگ کا دعوت نامہ" بھیجے گا۔ دعوت نامہ اس طرح کا ہوگا:


Jessica Haley invites you to join this Webex meeting.

Meeting number (access code): 713 987 045
Meeting password: jjQigqmG733

Friday, April 10, 2020
11:00 am | (UTC-04:00) Eastern Time (US & Canada) | 1 hr

Join meeting

Join by phone
Tap to call in from a mobile device (attendees only)
+1-408-418-9388 United States Toll
+1-646-992-2010 United States Toll (New York City)
Global call-in numbers

Join from a video system or application
Dial 713987045@nyc-oath.webex.com
You can also dial 173.243.2.68 and enter your meeting number.

Join using Microsoft Lync or Microsoft Skype for Business
Dial 713987045.nyc-oath@lync.webex.com

آپ مفت WebEx پروگرام کا استعمال کرکے کمپیوٹر/لیپ ٹاپ، اسمارٹ فون، یا ٹیبلیٹ (کیمرہ، مائیکروفون، اور اسپیکر یا ہیڈ فون سے لیس) پر ویڈیو کے ذریعے کارروائی میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس ویڈیو کیمرہ سے لیس آلہ نہیں ہے، تو آپ ٹیلی فون کے ذریعے سماعت میں شامل ہو سکتے ہیں۔ WebEx ایپ کو دستی طور پر ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، اپنے آلات اور کنکشنز کی جانچ کرلیں، ہدایات کے لیے اگلا صفحہ دیکھیں۔

## اپنی OATH کانفرنس یا ٹرائل میں شریک ہونے کا طریقہ:

- WebEx کے ذریعے OATH کی کارروائی میں شامل ہونے کے لیے آپ کو WebEx اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر آپ پہلی بار کسی WebEx میٹنگ میں شامل ہو رہے ہیں، تو ای میل پر دعوت نامہ کو کھولیں، سبز رنگ کے "میٹنگ میں شامل ہوں" پر کلک کریں۔ WebEx خود کار طور ایپ کو ڈاؤن لوڈ کردیتی ہے۔
- اگر آپ کے آلے پر پہلے سے ہی WebEx انسٹال شدہ ہے، تو سبز رنگ کے "میٹنگ میں شامل ہوں" پر کلک کریں۔

## **WebEx** ایپ کو انسٹال کیے بغیر **WebEx** کی ویڈیو میٹنگ میں شامل ہونے کا طریقہ:

- اگر آپ WebEx کو انسٹال نہیں کرنا چاہتے تو آپ WebEx کے ہوم پیج سے ویڈیو میٹنگ میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اپنے انٹرنیٹ براؤزر سے، https://www.webex.com درج کریں، پھر WebEx پر ہوم پیج کے اوپری دائیں کونے پر موجود "شامل ہوں" بٹن پر کلک کریں۔ WebEx میٹنگ کے دعوت نامے سے **میٹنگ کا نمبر** (رسائی کا کوڈ) اور **پاس ورڈ** دونوں درج کریں۔

## ویڈیو کے بغیر ٹیلی فون کے ذریعے **WebEx** کی میٹنگ میں شامل ہونے کا طریقہ:

- اپنے میٹنگ کے دعوت نامے میں بذریعہ فون شامل ہونے کے آپشن میں فراہم کردہ امریکی ٹول نمبرز میں سے کسی ایک کو اپنے ٹیلی **فون سے ڈائل کریں** (صفحہ 1 دیکھیں)۔ دی جانے والی ہدایات کی پیروی کریں اور 9 یا 10 ہندسے کا **میٹنگ نمبر** (رسائی کا کوڈ) درج کریں اور نمبر کے نشان کو دبائیں۔
- شرکت کنندہ کا آئی ڈی نمبر WebEx کی ویب پر ہی دستیاب ہوتا ہے۔ اگر آپ کو شرکت کنندہ کا آئی ڈی نمبر معلوم نہ ہو تو میٹنگ میں داخل ہونے کے لیے نمبر کے نشان کو دبائیں۔

## کمپیوٹر/لیپ ٹاپ، اسمارٹ فون، یا ٹیبلیٹ پر **WebEx** کو مرتب کرنے کا طریقہ:

اگر آپ نے اپنے آلے پر WebEx کو پہلے ہی انسٹال نہیں کیا ہے، تو آپ WebEx میٹنگ ایپ کو دستی طور پر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

- *اپنے کمپیوٹر/لیپ ٹاپ پر WebEx کو اس طرح انسٹال کریں* : اپنے انٹرنیٹ براؤزر سے، https://www.webex.com/downloads.html پر جائیں۔ اسکرین کی بائیں جانب "WebEx Meetings" ہیڈر کے نیچے (دائیں جانب "WebEx Teams" ہیڈر کے نیچے نہیں) نیلے رنگ کے "ڈاؤن لوڈ فار ونڈوز" یا "ڈاؤن لوڈ فار OSX" بٹن پر کلک کریں۔


- *اپنے اسمارٹ فون یا ٹیبلیٹ پر WebEx کو اس طرح انسٹال کریں*: اپنے آلہ کے ایپ اسٹور (آئی فون پر "ایپ اسٹور"، اینڈرائیڈ فون پر "گوگل پلے") میں جائیں، مفت "Cisco Webex Meetings" ایپ کو تلاش کریں، اور "ڈاؤن لوڈ" یا "گیٹ" بٹن دبائیں۔


- انسٹالر فائل، msi. (ونڈوز) یا dmb. (میک) پر کلک کریں، انسٹالیشن کو رن کریں، اور اسکرین پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ انسٹال ہونے میں چند منٹس لگ سکتے ہیں، اور آپ سے اس تصدیق کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ انسٹالیشن مکمل ہونے کے بعد، اپنا نام، ای میل ایڈریس درج کریں، اور نیکسٹ بٹن پر کلک کریں۔

## **WebEx** میٹنگ سے قبل اپنے کنکشن کی جانچ کرنے کا طریقہ:

- آپ کو طے شدہ سماعت سے پہلے اپنے آلات اور کنکشن کی جانچ کرلینی چاہیے۔ سماعت کا نوٹس موصول ہوتے ہی آپ اپنے مائیکروفون/ویڈیو/آڈیو کنکشن کو پیشگی طور پر چیک کر سکتے ہیں https://help.webex.com/en-us/article/nti2f6w/Join-a-test-meeting.

- **آڈیو منتخب کریں:** آڈیو کنکشن کے لیے، یا تو "کمپیوٹر آڈیو استعمال کریں" (ڈیفالٹ) یا "کال-ان" کو منتخب کریں۔ آپ کمپیوٹر ہیڈسیٹ یا اسپیکر/مائیکروفون استعمال کر سکتے ہیں۔ "کال-اِن" کے لیے، امریکی ٹول نمبرز میں سے کسی ایک کو اپنے فون سے ڈائل کریں، ہدایات پر عمل کریں، **میٹنگ کی رسائی کا کوڈ**، اور **شرکت کنندہ کا آئی ڈی نمبر** درج کریں۔ اگر آپ ریاستہائے متحدہ کے باہر سے میٹنگ میں شرکت کے لیے ڈائل کر رہے ہیں، تو ڈراپ ڈاؤن فہرست سے "تمام عالمی کال-ان نمبرز دکھائیں" کو منتخب کریں، اور اپنے مقام کا کال-ان نمبر منتخب کریں۔



## کیا آپ کو مدد درکار ہے؟

WebEx کے ذریعے ٹرائلز ڈویژن کی فاصلاتی سماعت کے سلسلے میں اضافی مدد یا سوالات پوچھنے کے لیے، براہ کرم میٹنگ کے منتظم سے رابطہ کریں، OATH کے انتظامی معاون عملہ کو ALJAdminassist@oath.nyc.gov ای میل کریں، یا (347) 909-1118 پر کال کریں۔

Feb2026-UR-ada